# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | سببِ تصنیف | ۳ |
| ۲ | ایک اہم واقعہ | ۹ |
| ۳ | عرض ناشر | ۱۰ |
| ۴ | فہرست | ۱۱ |
| ۵ | نزولِ آیات فرقان بسکون زمین و آسمان | ۱۳ |
| ۶ | زمین و آسمان دونوں ساکن ہیں | ۱۵ |
| ۷ | علّامہ نظام الدین نیشاپوری کی تصریح | ۱۶ |
| ۸ | حضور کے رازدان صحابی | ۱۷ |
| ۹ | کیا زمین سُورج کے گرد گھومتی ہے ؟ | ۱۸ |
| ۱۰ | قرآنی آیات کی تاویلیں گھڑنے والے | ۱۸ |
| ۱۱ | رافضی کس طرح بنے ؟ | ۱۹ |
| ۱۲ | ہمارا تفصیلی جواب | ۲۰ |
| ۱۳ | اَمَاکِن سے زائل ہونا قطعاً مطلقاً زوال ہے | ۲۶ |
| ۱۴ | محوری گردش اور صحابۂ کرام | ۲۷ |
| ۱۵ | حضرت کعب احبار اور علمِ یہود کی اقسام | ۳۰ |
| ۱۶ | کوپرنیکس کی بدعتِ ضالہ | ۳۱ |


Marfat.com

رکھتا ہوں کہ اِسی قدر اجمال جمیل آپ کے انصافِ جزیل کو بس ہو۔

## ہمارا تفصیلی جواب

اَب قدرے تفصیل بھی عرض کروں، زوال کے اصل معنی سرکنا، ہٹنا، جانا، حرکت کرنا اور بدلنا ہیں۔ قاموس میں ہے (الزوال الذھاب والاستحالۃ ٥) اسی میں ہے (کل ماتحول فقد حال واستحال ٥) ایک نسخہ میں ہے۔ (کل ماتحرک او تغیر ٥) یونہی عباب میں ہے تحول او تحرک ٥ تاج العروس میں ہے (ازال اللہ تعالیٰ زوالہ ای اذھب اللہ حرکتہ وزال زوالہ ای ذھبت حرکتہ ٥) نہایہ ابن اثیر میں ہے۔ فی حدیث جناب الجھنی واللہ لقد خالطہ سھمی ولوکان زائلۃ لتحرک الزائلۃ کل شیٔ فی الحیوان یزول عن مکانہ ولا یستقر وقد کان ھذا المرمی قد سکن نفسہ لاتحرک لئلا یحس بہ فیجھز علیہ ٥

(ا) دیکھو! زوال یعنی حرکت ہے اور قرآن عظیم نے آسمان و زمین سے اس کی نفی فرمائی ہے، تو حرکتِ زمین و حرکتِ آسمان دونوں باطل ہوئیں۔

(ب، زوال جانا اور بدلنا ہے حرکتِ محوری میں بدلنا ہے اور مدار پر حرکت میں جانا بھی تو دونوں کی نفی ہوئی۔

(ج، نہایہ و درِ منثور امام جلال الدین سیوطی میں ہے الزایل الانزعاج بحیث لا یستقر علی المکان وھو الزوال بمعنی واحد ٥ لسان قاموس میں ہے زعجہ واقلعہ وقلعۃ من مکانہ ھا، عجہ فانزعج میں ہے الانزعاج نقیض الاقرار ٥ تاج میں ہے "قلق الشیٔ قلقا ھو ان لا یستقر فی مکان واحد" مفردات ٥ امام

Marfat.com

## سورج زمین کے گرد سالانہ گردش کرتا ہے

### (ایک پاکستانی خاتون سائنس دان کا دعویٰ)

کراچی ۱۰ مئی (جنگ نیوز) ایک مسلمان خاتون سائنس دان محترمہ زہرہ مرزا قادری نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے اس بات کے ثبوت حاصل کر لئے ہیں کہ سورج زمین کے گرد سالانہ گردش کرتا ہے۔ اور یہ بات غلط ہے کہ زمین سورج کے گرد چکر لگاتی ہے۔ ان سائنس دان خاتون کا کہنا ہے کہ سورج کی گردش کا راستہ بیضوی ہے۔ ان خاتون کا کہنا ہے کہ اگر زمین سورج کے گرد گھومتی ہوتی تو سال کے پہلے چھ مہینوں میں شمالی قطب گھوم کر جنوب میں آگیا ہوتا اور اس حالت میں قطبی ستارہ اور اس کے دوسرے ساتھی ستارے غائب ہو جاتے اور اسی طرح سال کے دوسرے چھ مہینوں کے دوران قطب جنوبی گھوم کر شمال میں چلا گیا ہوتا۔ اور وہاں پر قطبی ستارہ اور ساتھی ستارے نظر آتے اس طرح آسٹریلیا اور دوسرے جنوبی علاقوں میں بھی قطبی ستارے دیکھے جاتے مگر اس دوران ایشیاء اور یورپ سے یہ ستارے دکھائی نہ دیتے۔ خاتون کا کہنا ہے کہ بالکل یہی حالت جنوبی ستاروں کی ہوتی خاص طور پر "الکیز" ستارہ جنوب سے غائب ہو جاتا اور شمال میں نظر آتا جبکہ قطبی ستارہ غیر متحرک ہے یہ ہمیشہ شمال میں نظر آتا۔ محترمہ زہرہ مرزا کا کہنا ہے کہ ستاروں کے غائب ہونے اور نظر آنے کی مدت تقریباً ایک مہینہ یا پھر ساڑھے تیئس دن ہوتی اور یہ وہ مدت ہے جو کم سے کم ساڑھے تیئس ڈگری عبور کرنے کے لئے درکار ہے۔ جبکہ قطبی ستارہ غیر متحرک ہے اور یہ ہمیشہ شمال میں نظر آتا ہے اور اس کا فاصلہ کسی بھی عرض البلد سے ہمیشہ برابر رہتا ہے۔ خاتون کا کہنا ہے کہ ان حقائق کی بناء پر یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ زمین کے بجائے سورج زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔ محترمہ زہرہ نے کہا ہے کہ وہ اس سلسلے میں مزید حقائق ایک تفصیلی کتاب میں بیان کریں گی۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مئی ۱۹۸۰)

Marfat.com

# سورج زمین کے گرد سالانہ گردش کرتا ہے

## (ایک پاکستانی خاتون سائنس دان کا دعویٰ)

کراچی ۱۰ مئی (جنگ نیوز) ایک مسلمان خاتون سائنس دان محترمہ زہرہ مرزا قادری نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے اس بات کے ثبوت حاصل کر لئے ہیں کہ سورج زمین کے گرد سالانہ گردش کرتا ہے۔ اور یہ بات غلط ہے کہ زمین سورج کے گرد چکر لگاتی ہے۔ ان سائنس دان خاتون کا کہنا ہے کہ سورج کی گردش کا راستہ بیضوی ہے۔ ان خاتون کا کہنا ہے کہ اگر زمین سورج کے گرد گھومتی ہوتی تو سال کے پہلے چھ مہینوں میں شمالی قطب گھوم کر جنوب میں آگیا ہوتا اور اس حالت میں قطبی ستارہ اور اس کے دوسرے ساتھی ستارے غائب ہو جاتے اور اسی طرح سال کے دوسرے چھ مہینوں کے دوران قطب جنوبی گھوم کر شمال میں چلا گیا ہوتا۔ اور وہاں پر قطبی ستارہ اور ساتھی ستارے نظر آتے اس طرح آسٹریلیا اور دوسرے جنوبی علاقوں میں بھی قطبی ستارے دیکھے جاتے مگر اس دوران ایشیاء اور یورپ سے یہ ستارے دکھائی نہ دیتے۔ خاتون کا کہنا ہے کہ بالکل یہی حالت جنوبی ستاروں کی ہوتی خاص طور پر "الکیز" ستارہ جنوب سے غائب ہو جاتا اور شمال میں نظر آتا جبکہ قطبی ستارہ غیر متحرک ہے یہ ہمیشہ شمال میں نظر آتا۔ محترمہ زہرہ مرزا کا کہنا ہے کہ ستاروں کے غائب ہونے اور نظر آنے کی مدت تقریباً ایک مہینہ یا پھر ساڑھے تیئس دن ہوتی اور یہ وہ مدت ہے جو کم سے کم ساڑھے تیئس ڈگری عبور کرنے کے لئے درکار ہے۔ جبکہ قطبی ستارہ غیر متحرک ہے اور یہ ہمیشہ شمال میں نظر آتا ہے اور اس کا فاصلہ کسی بھی عرض البلد سے ہمیشہ برابر رہتا ہے۔ خاتون کا کہنا ہے کہ ان حقائق کی بناء پر یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ زمین کے بجائے سورج زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔ محترمہ زہرہ نے کہا ہے کہ وہ اس سلسلے میں مزید حقائق ایک تفصیلی کتاب میں بیان کریں گی۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مئی ۱۹۸۰)

Marfat.com